سوال

(201) نماز قضا ہو سکتی ہے یا نہیں، وہ کب اور کس وقت پڑھی جائے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز قضا ہو سکتی ہے یا نہیں، وہ کب اور کس وقت پڑھی جائے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آدمی بھول جائے یا سو جائے تو جب بھی یاد آئے یا بیدار ہووے تو اسی وقت پڑھ لے وہی اس کا وقت ہوگا۔ اگر قضا سے یہی مراد ہے تو قضا ادا ہوگی اور اگر قضا سے مراد سال دو سال کی نمازیں ہوں تو ان کے دہرانے اور بطور قضا عمری پڑھنے کا کوئی ثبوت نہیں۔

(اہل حدیث سوہدرہ جلد ٦، ش ٦)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04 ص 277

محدث فتویٰ